22/03/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں مسرت شاہ

ایل جی یاترا

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج شری ماتا ویشنو دیوی پراچین مارگ پوتر چھڑی یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

اس موقع پر انہوں نے نگروٹہ کے پوتر کول کنڈولی مندر میں پرتھم پوجا میں بھی شرکت کی اور عقیدت مندوں کے ساتھ خصوصی دعائیں مانگیں۔لیفٹیننٹ گورنر نے اس موقعہ پر تمام یاتریوں کے لیے محفوظ یاترا کی دعا کی۔

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے وزیر اعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر راجیو رَنجن سنگھ کا ماہی پروری ترقیاتی منصوبے کے لیے 111 کروڑ 66 لاکھ روپے کی مرکزی رقم جاری کرنے پر شکریہ ادا کیا ہے۔

لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ رواں مالی سال میں دس کروڑ روپے کی پہلی قسط جاری کی گئی ہے اور بقیہ رقم پہلی قسط صرف کرنے کے بعد فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت ماہی گیروں کی فلاح و بہبود کے لیے
پ

رعزم ہے۔±

واٹر ڈے

آج ورلڈ واٹر ڈے منایاجارہا ہے ۔اس دن کے منانے کا مقصد پانی کی اہمیت اور اس کو تحفظ فراہم کرنے سے متعلق بیداری پیدا کرنا ہے ۔

عالمی یومِ آب کے موقع پروزیر اعظم نریندر مودی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ پانی کے ہر قطرے کو محفوظ بنانے اور اس کے منصفانہ استعمال کے عہد کی تجدید کریں۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ پانی زندگی کی بقاءاور زمین کے مستقبل کے لیے نہایت اہم ہے۔ انہوں نے پانی کے تحفظ کے لیے کام کرنے والوں کی کاوشوں کو بھی سراہا۔

ادھر جل شکتی وزارت کل نئی دلی میں ورلڈ واٹر ڈے کنکلیو 2026 کا انعقاد کرے گی، جس میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ماہرین شرکت کریں گے۔ اس کنکلیو کا مقصد پانی کے پائیدار انتظام کے لیے جدید اور عملی حل تلاش کرنا ہے۔

واکاتھان

نے ذمہ دارانہ سیاحت کے عزم کو مزید مضبوط کرتے ہوئے” بھارت IHCLانڈین ہوٹلز کمپنی لمیٹڈ ایک ساتھ“ واکاتھان سرینگر ایڈیشن کا انعقاد کیا۔ تاج ڈل ویو ہوٹل سرینگر سے آج صبح آٹھ بجے شروع ہوئے اس واکاتھان نے ٹولپ گارڈن سے ہوتے ہوئے تین کلومیٹر کی مسافت طے کی ۔تاج عروج نثار نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا Coordinator ڈل ویو ہوٹل کی Nutrition کہ اس واکاتھان کو ممبئی میں مقیم بین الاقوامی ایوارڈ یافتہ سپورٹس سائنس اینڈ expert

Rujuta Diwekar نے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

واکاتھان میں ایک سو سے زائد افراد نے شرکت کی جس مینتاج ڈل ویو ہوٹل کی ملازمین اور زندگی کے مختلف شعبہ جات سے وابستہ افراد شامل تھے۔

راشن

محکمہ خوراک و عوامی تقسیم کاری نے اعلان کیا ہے کہ اپریل 2026 میں ملک بھر کے راشن کارڈ ہولڈرز کو تین ماہ کا راشن ایک ساتھ فراہم کیا جائے گا۔

اس فیصلے کے تحت اپریل، مئی اور جون کے لیے مختص غذائی اجناس ایک ہی بار فیئر پرائس شاپس کے ذریعے تقسیم کی جائیں گی، جس سے کروڑوں خاندان مستفید ہوں گے جو پبلک ڈسٹری بیوشن سسٹم کے تحت سبسڈی والے اناج پر انحصار کرتے ہیں۔

حکام کے مطابق اس اقدام کا مقصد غذائی اجناس کی سپلائی کے نظام کو مزید مو

ثر بنانا ہے۔اس اقدام کو حکومت کی عوامی فلاح و بہبود کی پالیسیوں میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔

LPG

مختص کردی ہے۔ اس طرح مجموعی LPG حکومت نے ریاستوں کیلئے مزید 20 فیصد کمرشل طور پر یہ پچاس فیصد ہوگئی ہے۔یہ اضافی گیس ریستورانوں، ڈھابوں، ہوٹلوں، صنعتی کینٹین، ڈیری، سبسڈی والے کینٹین وغیرہ جیسے شعبوں کو ترجیحی بنیاد پر دی جائے گی، جنھیں ریاستی اور مقامی ادارے چلاتے ہیں۔

پیٹرولیم و قدرتی گیس کی وزارت کے سکریٹری نیرج مٹل نے اس سلسلے میں کہا ہے کہ یہ اضافی گیس پیر کے روز سے تقسیم کی جائے گی۔

کی کوئی قلت نہیں ہے اور عوام LPG حکومت نے شہریوں کو یقین دلایا ہے کہ پیٹرول، ڈیزل یا پر زور دیا ہے کہ وہ کسی طرح کی تشویش کا شامل نہ ہو جائیں ۔

سکمز

وادی کے تمام میڈیکل کالجوں میں ریفرل ٹیرشری کئیر کو شروع کرنے کے لئے شیر کشمیر انسٹیچوٹ آف میڈکل سائنسز صورہ کی طرف سے ٹھوس اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔ اس حوالے سے سکمز صورہ تمام میڈیکل کالجوں میں اپنی ٹیمیں روانہ کر رہا ہے ۔ اس تعلق سے انسٹیچوٹ کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

پرگتی سکیم

مرکزی سرکار کی پرگتی سکیم کا بنیادی مقصد تکنیکی تعلیم حاصل کرنے والے با صلاحیت نوجوانوں خاص طور سے لڑکیوں کو مالی امداد فراہم کرکے ،انہیں معاشی طور با اختیار بنانا ہے۔ اس سکیم کے تحت انجینئرنگ اور تکنیکی شعبوں میں لڑکیوں کی شرکت کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ جموں کشمیر میں اس سکیم کے حوالے سے پیش رفت کے بارے میں جب آکاشوانی نیوز سرینگر نے معروف ماہر اقتصادیات ڈاکٹر اعجاز ایوب سے بات کی تو انہوں نے کہا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****